ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((420

12.08.24

**بہاول پور( ) تھانہ سمہ سٹہ کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ پولیس مصروف کارروائی۔ ہلاک ڈاکو پر قتل، راہزنی و ڈکیتی کے درجنوں مقدمات درج تھے۔عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، جرائم پیشہ عناصر کو واضح پیغام، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق تھانہ سمہ سٹہ پولیس کے پاس ایک ملزم محمد شان عرف شانی ولد غلام شبیر سکنہ تحصیل علی ضلع مظفر گڑھ چوری کے مقدمہ میں جسمانی ریمانڈ پر تھا جس سے چوری شدہ کار سوزوکی مہران کی ریکوری کی جانی تھی۔ رات گئے پولیس ٹیم ملزم کو لیکر علی پور ضلع مظفر گڑھ کے لئے بغرض ریکوری روانہ ہوئی۔ KLP روڈ نزد ذخیرہ موضع نوشہرہ کے قریب پہنچے تو اسی دوران ملزم محمد شان عرف شانی کے ساتھی ملزمان 8/9 کس 04 عدد موٹر سائیکلوں پر سوار پولیس موبائل کے سامنے آ گئے اور للکارتے ہوئے کہنے لگے کہ ہمارا ساتھی چھوڑ دو اور پولیس پر جان سے مار دینے کی خاطر اندھا دھند سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت رکاوٹ کا سہارا لیتے ہوئے دو چار جوابی فائر کیے، گرفتار ملزم ہتھکڑی چھڑوا کر اپنے ساتھیوں کی طرف بھاگا اور اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ کر زخمی ہو کر درختوں کے جھنڈ میں گر پڑا۔ پولیس پارٹی کی طرف سے جوابی فائرنگ کی وجہ سے حملہ آور ملزمان موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر فائرنگ کرتے ہوئے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ملزم محمد شان عرف شانی کو سنبھالا جو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو چکا تھا۔ بذریعہ وائرلیس سیٹ کنٹرول کو اطلاع دی اور مزید نفری کا کہا، اطلاع پا کر پولیس کی مزید نفری و رایلیٹ کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی اسپیشل ٹیمیں ایس ڈی پی او صدر سرکل اور ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ کی زیر قیادت آپریشن کر رہی ہیں۔ واضح رہے کہ ہلاک ملزم محمد شان عرف شانی پر 37 سنگین مقدمات تھے اور متعدد میں چالان ہو چکا تھا۔ مزید تفتیش و تحقیقات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم اپنی موت آپ مر گیا۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ جرائم پیشہ افراد کیلئے واضح پیغام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ تھانہ سمہ سٹہ پولیس کو بہادری و جوانمردی سے مقابلہ کرنے پر ڈی پی او نے شاباش دی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (421)

12.08.24

**بہاول پور( ) یوم آزادی 14 اگست کے حوالے سے سرکاری وغیر سرکاری تقریبات کے حوالے سے فول پروف سکیورٹی انتظامات، 1300 سے زائد افسران و جوان سرکاری وغیر سرکاری تقریبات پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے، تیز رفتاری، ون ویلنگ اور بغیر سائلنسر موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف موثر حکمت عملی، قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھر پور ایکشن لیا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح بہاول پور میں جشن آزادی کے حوالے سے امن وامان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے 1300 سے زائد افسران واہلکاروں کو سیکیورٹی پر مامور کیا گیا ہے، ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ساتھ ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ اور ٹریفک اسٹاف اپنی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے اس موقع پر کہا کہ یوم آزادی 14 اگست قوم کیلئے ایک اہم دن ہے۔ اس موقع پر لوگ آزادی کا جشن مناتے ہیں، مختلف پروگرامز منعقد ہوتے ہیں اور لوگ تفریحی مقامات کا رخ کرتے ہیں۔ تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کی کہ جاری شدہ سیکیوٹی پلان پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔ حکومت پنجاب کی طرف سے جاری کردہ ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے۔ طے شدہ ضابطہ اخلاق کو فالو کیا جائے۔ تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں کو ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کریں۔ پولیس کی گشت کناں گاڑیاں، ایلیٹ فورس اور محافظ اسکارڈ کے جوان اپنی گشت چڑیا گھر، پلے گراونڈز اور دیگر پبلک وتفریحی مقامات کے قریب جاری رکھیں گے۔ شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر قائم پکٹس الرٹ ہوکر آنے اور جانے والوں کی چیکنگ کو یقینی بنائیں۔ ڈی ایس پی ٹریفک، تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اس بات کو خاص مدنظر رکھیں کہ ایسے موقع پر نوجوان تیز رفتاری، ون ویلنگ اور بغیر سائلنسر موٹر سائیکل چلا کر اپنے اور دوسروں کے لئے تکلیف کا باعث نہ بنیں۔ حکومت پنجاب کے احکامات کے پیش نظر ون ویلنگ، تیز رفتار اور بغیر سائلنسر موٹر سائیکل چلانے پر پابندی ہے، جس پر ہر صورت عملدرآمد کرایا جائے۔ ون ویلنگ کے مرتکب افراد کے ساتھ ساتھ موٹر سائیکل مکینک اور شور پیدا کرنے والے سائلنسر تیار کرنے اور بیچنے والوں کے خلاف بھی قانونی کارروائیاں کریں تاکہ اس پرمسرت موقع پر حادثات سے بچا جاسکے۔ پولیس "15" پر کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، جس پر کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے یوم آزادی 14 اگست کے حوالے سے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو متعدد ہدایات جاری کر دیں